ZIL LIMITED

نوٹس برائے 61 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا 61 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۳۱ مارچ ۲۰۲۱ء بروز بدھ کورائل روڈیل، پلاٹ نمبر TC-V، اسٹریٹ ۳۴، خیابانِ سحر، فیز V (توسیع)، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں صبح ٹھیک ۰۰:۰۹ بجے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں درج ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

عمومی امور:

(۱) ۲۹ مئی ۲۰۲۰ء بروز جمعہ کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے روداد کی توثیق اور منظوری۔

(۲) مالیاتی سال ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کے اختتام کے حوالے سے آڈٹ شدہ حسابات کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ہمراہ منظوری اور اسے زیرِ بحث لانا۔

(۳) مالیاتی سال ۲۰۲۰ء کے حوالے سے ڈائریکٹرز کی تجویز کردہ ساڑھے بارہ (12.5%) فی صد حتمی ڈیویڈنڈ کی منظوری۔

(۴) آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

کراچی: ۲۷ فروری ۲۰۲۱ء

محمد شاہد
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

(۱) کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں ۲۵ مارچ ۲۰۲۱ء سے ۳۱ مارچ ۲۰۲۱ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی اور حصص کی منتقلی کی کوئی درخواست رجسٹریشن کے لئے قبول نہیں کی جائیگی۔ ۲۴ مارچ ۲۰۲۱ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیوٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر ۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر ۲ ڈی ایچ اے فیز ۷، کراچی کے پتے پر موصول ہونے والے حصص کو حتمی منافع کی ادائیگی کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

(۲) میٹنگ میں شرکت اور ووٹنگ کا حق رکھنے والا کمپنی کا ممبر اپنی جگہ کسی فرد/نمائندہ کو میٹنگ میں موجودگی اور ووٹ دینے کے لئے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ اجلاس میں بطور پراکسی شمولیت کے لئے اور موثر نمائندگی کے لئے پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانا چاہیے۔ چھٹی کا دن شمار نہیں کیا جائے گا۔ کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر نہیں کر سکتا۔

(۳) سی ڈی سی کا انفرادی استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر جو اس میٹنگ میں ووٹ دینے کا حق دار ہو شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ لازمی اپنے ہمراہ لائے۔ اور پراکسی کی صورت میں شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ لازمی منسلک کرے۔ کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے اس موقع پر مطلوبہ عمومی دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

(۴) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، 2000 میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔

(۵) حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیوٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر ۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر ۲، ڈی ایچ اے فیز ۷، کراچی کو آگاہ کریں۔

سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت:

(۶) COVID-19 کی صورت حال کے پیشِ نظر، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ کو اپنے سرکلر نمبر ۴ کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے تمام عمومی اجلاسوں میں الیکٹرانک ذرائع یعنی وڈیو لنک، ویبینار اور زومنگ وغیرہ کی سہولت کو اوپر بیان کردہ سرکلر کی تاریخ سے لے کر اگلے احکامات تک عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ یہ ہدایات شیئر ہولڈرز کی کرونا وبا کے جاری خطرات سے بچاؤ اور ان کی صحت کے مدنظر دی گئی ہے۔ ممبران سے التماس ہے کہ بذاتِ خود شرکت کی صورت میں COVID-19 کی SOPs کا خیال رکھیں۔

(۷) کمپنی کے شیئر ہولڈر جو وڈیو لنک وغیرہ کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرنا چاہتے ہوں کمپنی کو اپنی تفصیلات بشمول نام، قومی شناختی کارڈ کی اسکین کاپی (دونوں سائیڈ)، فولیو نمبر، سیل فون نمبر اور ای میل ایڈریس ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ دفتری اوقات کے خاتمے سے قبل ای میل agm@zil.com.pk پر بھیج دیں۔ میٹنگ کا وڈیو لنک ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر بھیجا جائے گا۔

خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:

(۸) **کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ادائیگی: (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت لازمی ہے کہ لسٹڈ کمپنی اپنے حقدار شیئر ہولڈر کو انکے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں صرف الیکٹرانک ذرائع سے نقد منافع کی ادائیگی براہ راست کرے۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں منافع اپنے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست وصول کرنے کے لئے شیئرز ہولڈرز کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب "الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" دستخط کر کے شناختی کارڈ کی ایک نقل کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس میں ارسال کریں یا اپنے بروکر/حصہ دار اور CDC اکاؤنٹس سروسز میں جمع کرائیں۔